تلخیص ''فضل الباری'' اردو شرح صحیح البخاری

ملخص: حضرت مولانا ولی محمد رحمۃ اللہ علیہ، صفحات: 184، قیمت: 500 روپے، ملنے کا پتا: رومیل ہاؤس آف پبلی کیشنز۔اقبال مارکیٹ۔اقبال روڈ کمیٹی چوک، راولپنڈی۔فون: 0313-8432147

حضرت مولانا ولی محمد رحمۃ اللہ علیہ تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ کے باشندے تھے۔ بچپن ہی سے علم سے شغف تھا۔آپ نے علوم وفنون کی مختلف کتابیں ان کے ماہرین سے پڑھیں۔دورہ حدیث شریف حضرت شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ (اکوڑہ خٹک) سے کیا، ''کے پی کے'' کے علماء میں آپ کا نام اور مقام جانا پہچانا ہے، آپ نے کئی کتبِ احادیث اور کتب تفسیر کے ترجمے اور تلخصیات کی ہیں۔زیر تبصرہ کتاب بھی شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ کی شرح بخاری ''فضل الباری'' کی تلخیص ہے۔حضرت عثمانی رحمہ اللہ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔آپ حضرت نانوتوی رحمہ اللہ کے علوم کے شارح اور حضرت شیخ الہند کے علمی جانشین تھے۔آپ کی بخاری شریف کی شرح ''فضل الباری'' معروف و متداول ہے اور حدیثی شغف رکھنے والا کوئی شخص بھی اس سے مستغنی نہیں ہوسکتا۔حضرت مولانا ولی محمد صاحب رحمہ اللہ نے اساتذہ حدیث کی آسانی کے اس کی تلخیص فرمائی ہے۔موجودہ نسخہ پہلی دوجلدوں کا خلاصہ ہے جو باب التیمم تک ہے۔صاحب تلخیص نے باب نمبر، حدیث نمبر، سند اور حدیث کے پہلے راوی پر اکتفاء کرتے ہوئے حدیث اور ترجمۃ الباب کی وضاحت میں فضل الباری کی تشریح کا خلاصہ لکھا ہے۔مقدمہ کتاب اور آخر کتاب میں حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمہ اللہ کے مختلف علوم وفنون پر پھیلے تصنیفی کام کا جس طرح تعارف کرایا گیا ہے وہ بجائے خود حیران کن ہے۔

''گلِ خوباں شرح گلستان''

تالیف، مولانا ابوسفیان غلام فرید۔صفحات: 435۔قیمت: لکھی نہیں۔ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون: 061-6775251

''گلستان'' حضرت شرف الدین سعدی رحمہ اللہ کی لافانی کتاب ہے۔آپ کی زندگی ہی میں اس کی درس وتدریس شروع ہوگئی تھی۔ہمارے دینی مدارس میں بھی پڑھائی جاتی ہے۔علم الاخلاق میں اس کا درجہ فائق ہے۔مولانا ابو سفیان صاحب نے اس کی شرح لکھی ہے تاکہ کتاب آسانی سے سمجھی اور سمجھائی جاسکے۔انہوں نے الگ الگ پیراگراف کرکے فارسی نثر کا ترجمہ کیا ہے۔مشکل الفاظ کی تحقیق، ہر صیغے کی مصدری تحقیق، قابل توضیح اشعار کی مختصر